31014- بیٹی نے سونا اپنی والدہ کے پاس امانت رکھا ہوا ہے، توکیا وہ اس کی زکاۃ ادا کرے یا نہ ؟

سوال

میرے پاس دو سونے کے دو کنگن ہیں جنکا وزن پچاسی گرام ہے، میں نے یہ اپنی والدہ کے پاس بطور امانت رکھے ہوئے ہیں، کیونکہ میرے ملک کا قانون سونا باہر لے جانے کی اجازت نہیں دیتا، میں اسے ہر وقت پہنے رکھتی تھی، اوراب میں کسی اور ملک میں ہوں، توکیا میں اس کی زکاۃ ادا کروں ؟

پسندیدہ جواب

سوال نمبر (
19901) کے جواب میں
مستقل فتوی کمیٹی کا استعمال کے لیے تیار کردہ زیور کے متعلق فتوی بیان کیا گیا ہے ،
اس میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ اہل علم کا راجح قول یہی ہے کہ استعمال کے لیے تیار
کردہ زیور میں زکاۃ ہے، اوراستعمال کے لیے تیار کردہ زیور میں زکاۃ ہے سے یہ نہیں
سمجھنا چاہیے کہ وہ ہر وقت استعمال کیا جائے.

اوراس بنا پر آپ کا یہ سونا آپ کی
والدہ کے پاس امانت ہونا اسے استعمال سے خارج نہیں کرتا، اوروہ آپ کی ملکیت ہے، تو
نصاب میں پہنچنے پر اس میں زکاۃ ہوگی، کیونکہ سونے کا نصاب پچاسی گرام ہے.

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (
2795) کے جواب کا مطالعہ
کریں.

اوراس بنا پر اس سونے میں زکاۃ ہے،
جو آپ ہر سال نکالیں گی، اس کی مقدار اس کی قیمت سے اڑھائی فیصد ہے.

واللہ اعلم.